NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہم آپکی رائے جاننا چاہتے ہیں!

نیویارک کے عزیزی مکین:

عالمی سطح کے اسکول تخلیق کرنے کے لیے نیو یارک شہر اسکولوں میں ہمارا ایک بنیادی ستون آپ کو— ہمارے خاندانوں — کو حقیقی شراکت دار کے طور پر شامل کرنا ہے۔ ہم اس کے بارے میں آپ کی رائے جاننا چاہتے کہ ہماری جانب سے ایسے اسکول پیش کرنے کو یقینی بنانے کے کونسے بہترین طریقے ہیں جو آپ کے بچے کی تعلیم کے لیے آپ کی امیدوں اور خوابوں کی عکاسی کرتے ہوں۔

آپ کے لیے نیو یارک شہر اسکول سالانہ سروے ہمیں یہ بتانے کا ایک بہترین موقع ہے کہ ہماری کارکردگی کیسی جا رہی ہے اور ہم مزید کیا کر سکتے ہیں۔ میں ہر ایک والدین، طالب علم اور عملے کے رکن کی سروے کو مکمل کرنے کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

نیو یارک شہر اسکول سروے کے ذریعے جمع کی گئی آرا اسکول قائدین کو یہ سمجھنے میں مدد کرتی ہیں کہ انکی برادری کے اراکین انکے اسکولوں کے تعلیمی ماحول کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور یہ اسکولوں اور پروگراموں کی بہتر بنانے کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔

یہ سروے آن لائن 10 زبانوں میں دستیاب ہے اور یہ تمام اہل خانہ اور اساتذہ اور ساتھ ہی گریڈز 12-6 کے طلبا کے لیے 31 مارچ تک کھلا ہے۔ اہل خانہ اپنے اسکولوں سے اس سروے کی ایک کاغذی نقل کی درخواست بھی کرسکتے ہیں۔ اہل خانہ اس سروے کو NYCSchoolSurvey.org پر جا کر لے سکتے ہیں۔ اس موسم گرما میں اسکولوں کے عملے کے ساتھ اس سروے کے نتائج کا اشتراک کیا جائے گا تاکہ آنے والے تعلیمی سال کی منصوبہ بندی میں مدد مل سکے۔ سال کے بعد کے حصے میں عوام کے لیے نتائج جاری کیے جائیں گے۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کا حصہ بننے کے لیے آپ کا شکریہ اور برائے مہربانی کچھ وقت نکال کر اپنی آرا کا اشتراک کریں اور ہمارے اسکولوں اور ہمارے طلبا کو نئی بلندیوں پر لے جانے میں ہماری مدد کریں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

اس سروے تک کیسے رسائی حاصل کی جائے

اس سروے کو مکمل کرنے کے لیے والدین کو صرف اپنے بچے کے نو عددی طالب علم شناختی نمبر (OSIS) کی ضرورت ہے۔ والدین اپنے منفرد سروے کو مکمل کرنے لیے ایک چھوٹے حرف میں "f" اور اپنے بچے کا نو عددی نمبر بطور سروے کوڈ (مثلاً، f123456789) درج کریں گے۔ اہل خانہ اپنے طالب علم کا آئی ڈی نمبر رپورٹ کارڈ، طالبِ علم کے شناختی کارڈ یا انکے NYCSA اکاؤنٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ اگر اہل خانہ کو اپنے بچے کے طالب علم شناختی نمبر کو تلاش کرنے میں مدد درکار ہے تو انہیں اپنے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئیے۔

اہل خانہ یہ سروے اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں لاگ اِن ہوکر بھی لے سکتے ہیں، جہاں وہ انکے طالب علم کے گریڈز، امتحانی اسکور اور بہت کچھ دیکھ سکتے ہیں۔

ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ

اور ذیل میں میئر Eric Adams کی جانب سے ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست تازہ ترین خبریں موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں براہِ کرم یہاں کلک کریں۔

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔